فاطمۂ صغریٰ وہان ہجر سی گریہ کنان | آپ ہین صحرا نشین آہ مسافر حسینؑ

چین نہین جانتا بات نہین مانتا | یہہ دلِ اندوہگین آہ مسافر حسینؑ

شیعونپہ موقوف ہی رنج و محن صرف ہے | غم ہی یہہ دور و قرین آہ مسافر حسینؑ

ساتوین سی بند آب تہا نہ غذا کا حساب | پیاسا تو تمسا نہین آہ مسافر حسینؑ

ایسا امام اوسپہ ظلم شاہِ انام اوسپہ ظلم | ہمنی سنا ہی نہین آہ مسافر حسینؑ

شاہِ غریب الدیار تمسی ہی اشد وار | اخترِ اندوہگین آہ مسافر حسینؑ

سلام ۹۶

سلام

ہوا مجھی غم ہلا مرا دل سُنی یہہ ندا حُسینؑ کہاں

الم یہی ہی ستم جو ہوا علیؑ نی کہا حُسینؑ کہاں

دیا سرِ خوش براہِ ہُدیٰ ہوا نہ کبھی خدا سی جُدا

بروزِ جزا کہیگا خُدا یہہ ویگا ندا حُسینؑ کہاں

گلا ہی یہی فلک سی مرا پڑی یہہ بلا حرم ہین خفا

عجب ہی جفا گلا ہی گہٹا نہین ہی مزا حُسینؑ کہاں

بروئی زمین پڑا تہا وہ شہ تہی خار کہین بری تہی وہ رہ

وہ صدر نشین بتوؑل کا مہ عدم مین چُہپا حُسینؑ کہاں

الم رخِ غم سبہونکو ملا غضب سرِ ہم ہوا ہی بلا

بہم یہہ ستم علم جو ہوا سُنی یہہ صدا حُسینؑ کہاں

گھٹا ہی عیان تو ابر روان برہ دئی خزان گلونکا بیان

کہین ہین سنان بہم ہین جوان کہی کوئی آ حسینؑ کہان

کرونگا بکا مین ای مری رب نہین مری دلکو طاقت شب

سنی یہہ ندا جو چونکا ہون اب کسی نی کہا حسینؑ کہان

ارم مین گئی وہ شیر خدا حرم پہ ہوا ورود جفا

خدا پہ کھلا وہ سرّ خفا ملک سی سنا حسینؑ کہان

نمود تعب ظہور ستم شروع غضب عبور الم

انیس ملب تہا ذکر عدم گلا ہی کٹا حسینؑ کہان

وہ صدر کرم وہ پائی ستم جمال الم مصیبت و غم

وہ شورش وہم وہ راہ عدم وہ آل عبا حسینؑ کہان

تھی اصغرؑ خوش شہید جفا تہا گردن غم پہ تیر لگا

ہوا جو نمود روئی بلا تو ماں نی کہا حُسینؑ کہاں

یہہ اخترِ زار کہتا ہی سُن کہ آنسو بہا تو سر کو بھی دُھن
بہارِ عزا کو باغ سی چُن چمن نی کہا حُسین کہاں

ردیف الواو — سلام در صنعت لزوم مالا یلزم

جلایا آتشِ غیظِ شہِ دین نی بیابانکو
جگر کو قلب کو آنکھونکو تن کو ذہنکو جانکو

تری یاقوت لب نی ای علی اکبر گھٹایا ہی
عقیق و لعل کو رنگِ حنا کو روئی مرجانکو

محبوؔ آتشِ احوالِ سرور نی گھلایا ہی
بدنکو جسم کو دلکو جگر کو روحِ انسانکو

شہِ دین استماعِ حال سی مینی کیا پرزی
قبا کو جیب کو پٹکی کو شملی کو گریبانکو

و فورِ حزن و استکشافِ غم نی کردیا بیدم
عقیل و ذی خرد کو زیرک و ہشیار و نادانکو

کہا شہ نی کہ بس ای اہلِ کوفہ کیا بُھلایا ہی
وفا کو عہد کو اقرار کو وعدیکو پیمانکو

لگا یا داغِ ماتم مقتلِ شاہِ شہیدان نی
شجر کو فرع کو جڑ کو ثمر کو برگِ ریحانکو

کشید تیغ ہمشکل نبیؐ نی کر دیا پیش پا | سحاب چرخکو باد صبا کو برق و بارانکو

رولایا حال مظلومی شاہنشاہ عقبیٰ نی | عزیز مصر کو چشم سکندر کو سلیمانکو

تحیّر مین تہا ڈالا جرأت سرور نے مقتل مین | ملک کو دیو کو جن کو پریکو عقل انسانکو

پڑہا لیل شہادت شاہ دین نی قلب طاہر سی | صحیفی کو دعا کو آئی کو سوریکو قرآنکو

دعا صبح و مسا روز و شب و ہر ساعت ہی ای رب
صحیح و سالم و شفاف رکہہ اختر کی ایمانکو

سلام

کاسم بنری سیس کٹایو | بنری سی چہوٹی رکت نہایو

مان دکہیاری کسکی بلالی | چہاتی پہ پیاری بڑچہی کہایو

پیاس کی ماری جان ہی جاتی | مین پنہیارن گہاٹ نہ پایو

آن نہ بلا اور نہ پایا پانی | چہدری ہی تینڈی جیوڑا اگتایو

مانگ بکھر گئی کو کہہ ہی اوجڑے — بیسر سو نکہہ پہ راس نہ آیو
مہندی رچی کب ہاتھہ مین تینون — رکت سون کر روچ مہندی چایو
اُٹھو پیاری مکھہ سون بولو — گبرّی بنری لوتہان پہ ڈہایو
پہل نہ لگا نہ پہولی واری — باندہ سروہی انگ کٹا یو
جیتی نہ بولی بتیان وارے — جوجھہ گئی تب بنری پایو
مینڈہی کرم کیا پہوٹ گئی ہین — دولہن بچھڑی دولہہ گنوایو
کیسو وعدا پورا کیا تہا — کول واچہلا ہاتہہ نہ آیو
نیر بہا تیڑون وی تینڈہی — لُٹ گیو رنمین زہرا کو جایو
بہوئین پہ تینڈا سہرا کٹو ہے — کہلد مین جاکر بیاہ رچایو
پوشت کو روو ی مان دکہیارے — تمسی لالن من چہپتا یو
تیرن کی بوچہار ن ہی ہے — بہال کٹاری تیگ لگا یو

دولہن اکہتر واکی روہی
دولہہ پیارہی شدہ بسرایو

ردیف سلام ۶۹ ہا، ہوّز

ہین نبی سوگوار واویلاہ
پنجتن بیقرار واویلاہ

دشتِ کرب و بلا ہین صد افسوس
کُشتی ہین بی شمار واویلاہ

بہر گئی خاک و خون مین اکبر کے
گیسوئی پیچدار واویلاہ

ہو گیا تیغِ کین سی روئے خزان
گلشنِ پُر بہار واویلاہ

باغِ خیر الورہی پہ آئی خزان
باغبان صد ہزار واویلاہ

حالِ کبریٰ پہ ہی مقام حیف
لُٹ گیا سب سنگہار واویلاہ

حالِ عبّاس پہ کہا شہ نے
ای مری غمگسار واویلاہ

بولی جبریل نعشِ سرور پہ
دینگی شہریار واویلاہ

بولین

بولین کلثومؑ وقتِ رخصت شاہ — آپ پر مین نثار واویلاہ
کیون نہو خون مین زلف اکبرؑ پاک — رشکِ مشک تتار واویلاہ
نہ رہا کوئی روز عاشور — موئی خویش وتبار واویلاہ
نہ رہا باقی خیمۂ شہ مین — جلگیا تار تار واویلاہ
جلگئی خیمۂ امام حسینؑ — ہوئی روشن جو نار واویلاہ
قیدخانے مین کہتی تہین زینبؑ — ماہِ شبہائی تار واویلاہ
قتل اکبرؑ کی بعد زینبؑ زار — روتی تہین زار زار واویلاہ
خواہرِ شاہ بزمِ حاکم مین — آتین زار و نزار واویلاہ
کہا عابدؑ نی طشت مین سر دیکہہ — وہ وشِ خوش کی سوار واویلاہ
نعشِ اکبرؑ پہ تہی حرم کی بین — خلفِ نامدار واویلاہ
حورین کہتی تہین وقتِ قتل حسینؑ — شاہ دلدل سوار واویلاہ

کہتی تہی شہ بوقتِ ذبح کہ دو ساغرِ نوشگوار واویلاہ
آئینہ رو پہ پہنچا زنگِ ستم ایدل پُر غبار واویلاہ

اخترؔ اب نوحہ کررہی ہین فلک
اور زمین بیقرار واویلاہ

سلام

مُرسل نہین دُنیامین پیمبرؐ سی زیادہ بیکس نہین کونین مین سرورؑ سی زیادہ
محزون نہین کوئی شہِ مضطر سی زیادہ خوش بخت نہین حُرِّ دلاور سی زیادہ
خالِ رُخِ اکبرؑ بہی تہا قنبر سی زیادہ کب مشک تہا اوس لفِ معنبر سی زیادہ
تہی اشجعِ کونین حُسینؑ ابنِ علیؑ پر مظلومی بہی تہی جرأتِ حیدرؑ سی زیادہ
گو حضرتِ زینبؑ کے پسر بہی تہی نگر آہ رکہتی تہین محبت وہ برادر سی زیادہ
گو بہوک کی تیزی شہ دینکو تہی دمِ قتل اوسوقت مگر پیاس تہی خنجر سی زیادہ

لعابہ

تقدیر مین گو رنج و الم ایذا تہی لاکن
تہا صبر حسین اپنی مقدر سی زیادہ

گو اوروں سی مانوس سکینہ تہی پر افسوس
نادان تہی پر زینب مضطر سی زیادہ

جبسی خبر قتل پدر اوس سی سنی تہی
تہا فاطمہ کو انس کبوتر سی زیادہ

خوناب جگر پیتی تہی گل نعش پدر سی
تہی زخم بدن لالۂ احمر سی زیادہ

طالع مین شہ دینکی نہ تہا آب دم نزع
حسرت ہی پانیکی سکندر سی زیادہ

بی آبرو در تہی نہ سکینہ سی وفا کی
مجروح ہوئی گوش تو گوہر سی زیادہ

تسبیح و عبادات و دعا مین ہی سجاد
تہا خانۂ زندان بہا و نہین گہر سی زیادہ

حاضر ہوا حر جبکہ پی عزم شہادت
کی عرض کوئی گہر نہین اس گہر سی زیادہ

گو پیاسا مین ہین قتل ہوا بولی یہہ سرور
پانی تو ہی کوثر مین مری سر سی زیادہ

شہ نی کہا پانی نہ مجہی دیوین یہہ گمراہ
آنکہین ہین مری چشمۂ کوثر سی زیادہ

ہر سر ہوس و آرزو سینی مین ہوئی قتل
بی آس نہین زینب مضطر سی زیادہ

سیدانیین بھاگ کی کہتی تھی دمِ جنگ
دیکھا نہ حسین آنکھوں نے اکبر سی زیادہ

شش ماہہ کو گو مین شہادت ہوئے حاصل
کم سن نہین گذرا علی اصغر سی زیادہ

زندان مین سکینہ یہی کہتی تھی کہ بابا
مانوس تھی مین سینۂ اطہر سی زیادہ

جتنی سرِ سرور کی ہوئی راہ روی کم
قرآن سنا لبہائی مطہر سی زیادہ

ہو نہو نیہ ہی ہم ابتو مدد کیجیی مولا
مضطر نہین اس اخترِ بی پر سی زیادہ

سلام

روح و جگر و جانِ پیمبر ہین یداللہ
شمعِ حرمِ خالقِ داور ہین یداللہ

خلقِ حسنی بوی حسینی ہی مدینین
مجموعۂ عالم مین معطر ہین یداللہ

افضل ہین شجاعانِ عرب اور عجم سی
جنت و ملک و عرش سی بہتر ہین یداللہ

پیراہنِ باریک نہ پہنا کبھی تا عمر
ظاہر مین فقیری ہی تونگر ہین یداللہ

بن گری

بُت گرتی ہی کعبی مین یہہ کرتی تہی خدائی
اصنام شکن فاتحِ خیبر ہین یداللہ

کیونکر نہ کری رحم و کرم خالقِ باری
اِس اُمّتِ مرحومہ کی سرور ہین یداللہ

دہشت ہی کسی تشنگیِ روزِ جزا سی
ای تشنہ لبو ساقیِ کوثر ہین یداللہ

خالی ہی شکم بہوکہ سی فاقی پہ ہی فاقہ
شیرونکی قرین حیدرِ صفدر ہین یداللہ

افسوس شبِ نوزدہم ہی رمضان کی
تلوار کی نیچی تہِ خنجر ہین یداللہ

گو عجز سی ہین خاک نشین شاہِ دوعالم
فرق و سرِ افلاک کی افسر ہین یداللہ

گر کور ہی ایمان ہو تو ناچار ہی لاکن
گم کردہ رہونکی لئی رہبر ہین یداللہ

طاقت ہی انہین سی جگرِ روحِ امین کو
جبریل کی بازو کی بہی شہپر ہین یداللہ

تڑپی ہین تہِ تیغ شبِ نوزدہم کو
محراب مین کیا مضطر و بی پر ہین یداللہ

ای باغیو سمجھی نہ بہارِ شجرِ دین
گلزارِ شہادت کی گلِ تر ہین یداللہ

محرابِ حرم کنگرۂ عرش سرِ لوح
گوشِ رخِ افلاک کی گوہر ہین یداللہ

زینبؑ نے کہا بابا کی ہے دلکو تردد | روزے مین بہت آج تو مضطر ہین یداللہ
گویا تھی مبارک ہین زمین پر مگر اے دل | گہوارۂ افلاک کے ہمسر ہین یداللہ
ہے فقر انہین فخر وصی ہین یہہ نبی کے | رتبے مین دو عالم سے بھی بڑہکر ہین یداللہ
محسنؑ کو شہادت ہوئے یہہ مونہہ سے نہ بولے | احسان کش خالق اکبر ہین یداللہ
باطن مین وہ ہین قلعہ شکن صفدر غازی | ظاہر مین نحافت بھی ہے لاغر ہین یداللہ
اعجاز سے ہین کوہ گران شہر و جہانمین | پر عجز سے ذرے سے بھی کمتر ہین یداللہ
سائل کو عطا کر چکے انگشتر خوشتر | روزے مین فرشتونسے بھی بہتر ہین یداللہ
خوابیدہ ہوئی جاتی نہین دشمنونمین یہہ | اب یوسفؑ و اسحاقؑ سے برتر ہین یداللہ

اختر تری بخشش کا یقین کیون نہو سبکو
مولائے جہان شافع محشر ہین یداللہ

سلام

مجروح

مجروح دل ہی زخمِ سرِ مرتضیٰؑ کی ساتھہ
کی دشمنی عدو نی یہہ گویا خدا کی ساتھہ

لعنت ہو ابنِ ملجم بیدین پہ روز و شب
اوس بیحیا نی بدسلوک کیا با خدا کی ساتھہ

اوّل یہہ ظلم ثانیِ ناشاد نی کیا
رسّی گلی مین باندہی تہی جور و جفا کی ساتھہ

سمجہی کہ مجہکو پیسیگا چرخِ دنی مدام
کبریٰؑ کا سبز رُخ ہوا رنگِ حنا کی ساتھہ

لختِ جگر کو کہاتی تہی بیمارِ درد و غم
اشکونکا پیالا پیتی تہی صغراؑ دوا کی ساتھہ

چہاتی پہ چڑہکی شمر نی کاٹا سرِ حسینؑ
شہنی بدی نہ کی تہی کبہی بیحیا کی ساتھہ

ڈولہہ چلا جو رنکو تو ہنسنی لگی عدو
گہونگہٹ مین اشکریز تہی کبریٰؑ حیا کی ساتھہ

اکبرؑ نی جب لباس کیا زیب بعلی شاہ
دل تنگ اوکہڑ گیا تری بندِ قبا کی ساتھہ

اکبرؑ نی شہسی عرض کی بیٹہی جو خاک پر
اوٹہو نگار روزِ حشر مین مشکلکشا کی ساتھہ

ظاہر مین گو گری تہی وہ سینی سی لگ گئی پر
ٹکڑی جگر کی ہین حسنؑ مجتبا کی ساتھہ

جب بعدِ قتل شام کی جانب چلی حرم
پرسا دیا علیؑ نی اونہین مصطفاؑ کی ساتھہ

وقتِ شہادت آیا تو دیکھا حسینؑ نے
حسرت زدہ نبیؐ و علیؑ فاطمہؑ کی ساتھہ

شام سحر یہہ کہتی تھی صغراؑ کہ اے خدا
دیدار باپکا ہو مجھے اب شفا کی ساتھہ

قاسمؑ ہوئی شہید تو مان بولی پیٹ کر
دولہہ بنی ہوئی ہو مری جان قضا کی ساتھہ

کی عرض شہ نی بعدِ شہادت رسولؐ سے
پیدا ہوا تھا نانا مین ظلم و بلا کی ساتھہ

اکبرؑ اسی شاہ نی کہا قاسمؑ کو دیکھکر
محجوب مین ہوا ہون بہت تجھسے لالا کی ساتھہ

فرمایا شہ نی جاؤ وطن سب نی عرض کی
کیا چھوڑ دین گی آپکو ہم آج آ کی ساتھہ

داماد اور عروس سے شہ نی کہا کہ حیف
کیا ہوتا گرچہ بہیجتی کہانا کہلا کی ساتھہ

صغراؑ نی عرض کی تھی کہ جلدی ملی جواب
نامہ یہہ مینی بہیجا ہی بادِ صبا کی ساتھہ

حر جبینین تھین بہرین طلبِ شاہِ پاک سی
دم بازوون نی بڑا کیا رشکِ ہما کی ساتھہ

اکبرؑ نی جب کہا چلو بابا مین چھوڑ ہون
زینبؑ کا زہرا آب ہوا اوس صدا کی ساتھہ

بانوؑ نی عرض نعشِ شبیرؑ سی یہہ کے
اب موت مانگتی ہی سکینہؑ دعا کی ساتھہ

اصغرؑ کو بس وہ چھاتی سے لپٹا کی رہ گئی
شہ کا کلیجہ ہلگیا تیرِ جفا کی ساتھ

شہ بولی بعد مُردنِ اصغرؑ کہ ناریو
تمنی عجب فریب کیا بیخطا کی ساتھ

بانوؑ پکاری لاشۂ اصغرؑ پہ ظالمو
شش ماہہ بچّہ مار لیا ہی دغا کی ساتھ

چلّائی شاہ نکلا کلیجہ حسینؑ کا
اکبرؑ کو لیگیا جو ہین قاتل لگا کی ساتھ

شہ نی کہا یہہ شمر سی لعنت خدا کی ہو
مینی برائی کی تہی تجھ بیوفا کی ساتھ

بعدِ حسینؑ اہلِ حرم ننگے سر ہوئی
اختر سر اپنا پیٹ لیے اہلِ عزا کی ساتھ

سلام

ہیہات رہا دل ہین ارمانِ سکینہؑ
اندھیار سی زندانکی گئی جان سکینہؑ

رہنی نہ دیا باپکا سر گود مین اوسکی
توڑا تہا لعینون نی یہہ پیمان سکینہؑ

گلزارِ حسینیؑ ہوا پامالِ حوادث
پژمردہ خزان سی ہی گلستانِ سکینہؑ

سرِ شاہ کا رکہا تو کہا خولی نے فی الفور
نیزے پہ چڑہایا گیا قرآن سکینہؑ

ظاہر مین تو نیزے پہ تہا سرِ شاہِ ہدیٰ کا
پر چرخ چہارم پہ تہا فرقان سکینہؑ

جب کوفیونکی بچونکو پڑہتی ہوئی دیکہا
یاد آگیا بابا کو دبستان سکینہؑ

دیکہا جو ہین سر باپکا زندانِ بلا مین
بس ہوگیا مُردہ دلِ نالان سکینہؑ

سرسبز تہا کوئی گلِ تر چمن اُجڑا
کیا خشک ہوا ظلم سے بُستان سکینہؑ

تاب آئی نہ دیدِ سببِ جور و جفا کی
مرجانا تہا شبیرؑ پہ ایمان سکینہؑ

نے غسل نہ تابوت نہ تکبیرہ نہ مرقد
افسوس مٹا قید مین سامان سکینہؑ

ہمراہِ عزا کوئی نہ تہا مجلسِ غم مین
رویا کیا احوالپہ زندان سکینہؑ

آتی تہی نظر صورتِ غم اوسمین مکدر
آئینہ بنا تہا رخِ حیران سکینہؑ

روتی تہی عدو راہ مین افسوس کنان تہے
دل کرتا تہا ٹکڑے دلِ گریان سکینہؑ

داؤد کو غش آیا گری خاک پہ ناہید
بس مرثیہ پڑہنا ہی تہا الحان سکینہؑ

لب

لب خشک ہوئی پڑ گئی کانٹی بہی با نکلین — بی آبی سی سو کہا چمنستان سکینہ
تہا برگِ خزان دیدہ ہر اک عمو برادر — کمہلائی چمن مین گل و ریحان سکینہ
ذی عقل بہی بیتابی سی سب نعرہ زنان تھے — چپ ہوگیا غمسی دلِ نادان سکینہ

اختر سرِ اشتر جو جفا کار دنی کی غور
دیکہا ملک الموت ہدیخوان سکینہ

سلام

بانو نی کہا مین تری قربان سکینہ — کہول آنکہونکو اور باپکو پہچان سکینہ
بانو نی کہا فوج سی دور اسکو رکہیو ای شمر — ڈر جائیگی اس بہیڑ مین نادان سکینہ
الجہا ہی دلِ پاک رخِ شاہِ ہدی سے — زلفونکی طرح ہی جو پریشان سکینہ
قلعی کہلی بال آگئی جب شیشۂ رخ پر — آئینی کی صورت ہوئی حیران سکینہ
بانو نی کہا روتی ہین سب باپکو تیری — باقی نہین غمسی کوئی انسان سکینہ

ای جانِ جہان رنج و غمِ شاہِ ہدیٰ ہی — انسان نہ باقی ہی نہ حیوان سکینہؑ

حسرت سی کہا بانوؑ نی جب قید ہوئی وہ — بچ جائیگی محبس مین ترے جان سکینہؑ

زینبؑ نے کہا کیا کرون کچھ بس نہین چلتا — دل ہی تری مظلومی سی نالان سکینہؑ

فرمایا یہہ زینبؑ نے کہ گو ہمکو کیا قید — لاکن نہ گھٹی مرتبہ و شان سکینہؑ

بانوؑ نی کہا گود مین آ دیکھہ نہ یہ مقتل — سو رہ مری جان میرا کہا مان سکینہؑ

مکتب کہان بسم اللہ کہان بانوؑ ہو صدقے — دیکھا نہ جنازیکا بہی سامان سکینہؑ

بانوؑ نی کہا چرخِ برین آب ہوگئے ہین — روتی ہین ملک اب ہوئے گریان سکینہؑ

لب ہلتی ہین بانوؑ نی کہا دیکھہ ادہر تو — پڑہتا ہی سرِ شاہ بہی قرآن سکینہؑ

بانوؑ نی کہا شاہ کو مارا انہین ہی — بیٹا ہی لعینون نے یہہ فرقان سکینہؑ

دو چند ہی جو تہی کانون مین ہلتی تہی تعجب سے — تکتی تہی سر اک چہریکو انجان سکینہؑ

پژمردہ ہی سرِ گل کہا بانوؑ نے صد افسوس — سو کہا تری اماں کا گلستان سکینہؑ

الٰ

گل زرد ہوئے سُرخ ہوا روتی بیابان — بی آبی سی ہی خشک یہہ بستان سکینہؑ

لاشی پہ سکینہؑ کی کہا فاطمہؑ نی یون — حاضر ہی یہہ دادی مجھی پہچان سکینہؑ

مقتلمین کہا بانوؑ نی تا لو مرا تر قہ — گرمی سی چٹکتا ہی یہہ میدان سکینہؑ

دن حشر ہی بانوؑ نی کہا دہوپ ہے اتش — سو رہ تو مری جان یہ ہی احسان سکینہؑ

بانوؑ نی کہا موذیون نے اوس سے دغا کے — توڑا نہ تری باپ نی پیمان سکینہؑ

حاضر سر دربار ہون عابدؑ نی کہا آہ — حاکم کا یہی آیا ہی فرمان سکینہؑ

جان سوختہ ہی جلگیا قلب و جگر و تن — ہم آتش غم سی ہوا بریان سکینہؑ

کافر عمر سعد ہی سُن بانوؑ کی جائے — شبیرؑ کا سالم رہا ایمان سکینہؑ

بانوؑ نی کہا ہو کہہ مین پہنچی تری مونہہ تک — ملجائی جو اُشتر پہ کوئی نان سکینہؑ

بانوؑ نی کہا لشکر کین نار نشین ہی — بھڑکا تا ہی اس فوجکو شیطان سکینہؑ

بانوؑ نی کہا دیکھی گی کن آنکھو نسی لاشئے — ہی روح حزین پہ تری سوہان سکینہؑ

تاراج ہوا الملکِ وفا اُجڑا مدینہ
مقتول ہوا دین کا سلطان سکینہؑ

تاج اولٹی بدن کانپ گئی وقتِ شہادت
تختونسی گری قیصر و خاقان سکینہؑ

بیعت کا بہانا تہا فقط قتل تہا منظور
شبیرؑ پہ جو گزری یہہ بہتان سکینہؑ

بانوؑ نی کہا دیکہہ کی سُرخی سرِ شہ کی
کہاؤنگی نہ مین عمر بہر اب پان سکینہؑ

اختر جو اجازت ابہی شبیرؑ کی پائی
رو رو کی کری نوح کا طوفان سکینہؑ

ردیف سلام الیاءٔ

غمِ شبیرؑ سی اب قلب کا عالم دگرگون ہے
نہین آنسو روان ہین آنکہونسی یہہ موجِ جیحون ہی

ہی فکرِ انقلاب ہر ایک کی کیا چرخِ واژون ہے
پہر آیا کربلا سی شام تک یہہ دورِ گردون ہی

شہادتسی شہِ دین کی ضعیفونکو بہی ماتم ہے
سیہ تاب اسلئی ہر نو جو انکی زلفِ شبگون ہی
چلی تہی پا برہنہ عابدِ دیجاہ کانٹون پر
جہانمین خاک بیز اسواسطی صحراؤ ہامون ہی
دو رنگی ابلقِ ایّام کی مقتلمین ظاہر ہے
جو تہی گلگون نشین مجروح اونکا پائی گلگون ہی
یہہ کالی رات ہی جنگل ہی فرماتی تہین یون بانو
نہ مل منہدی کو ای کبریٰ کہ مجکو خوفِ شبخون ہی
عجب یہہ فرقۂ شیعہ ہی لیلی وار ماتم مین
جو ہی وہ عشقِ شاہِ دین مین ہردم مثلِ مجنون ہی
لعین سمجھی یہی ہین حضرتِ زینبؑ بہن شہکی

جو دیکھا نعش اکبرؑ پر تو روتی ایک حناتون ہی

مئی عرفان سے دل نی ساغرِ حُبِّ علیؑ پایا

ٹپکتی ہی جو بوند آنکھونسی آنسو کی خُمِ خون ہی

نہ مانی اُمّتِ بیدین کہا خیر البشر نی یون

وصی میرا جہا نمین یا علیؑ تو مثلِ ہارون ہی

صحابہ نی کہا شہ سی نہین مرقد تو کیا غم ہے

یہہ ناداری ہماری حقمین حضرت گنجِ قارون ہی

نہ جا مرنیکو ای اکبرؑ یہہ فرماتی تہی شاہِ دین

یہہ بابا ایک مدّتسی تری چہریکا مفتون ہی

نہ ٹوٹا ایک پر لاکہون لعینونسی کہا شہ نے

لڑاے اسطرحکی لڑرہی ہو کون قانون ہی

کوئی گل آنکھ مین جچتا نہین کہتی تہی یہہ سرور

بس اک باغ جہانمین تیرا اکبر قد موزون ہی

شب ضربت کہا یہہ ابن ملجم سی شہ دین نے

سمجھتا ہون ارے قاتل جو تیری دلمین مکنون ہی

سما سکتا نہین کاغذ پہ مضمون جنگ حضرت کا

احاطی سی قلم کی حال قتل شاہ بیرون ہی

در آتی جسم مین یون ہی لعین حضرتسی کہتی تہی

یہہ سیف دوزبان ہرگز نہین ہی تار صابون ہی

نہ روکو مجھکو وقت جنگ فرماتی تہی یون سرور

یہہ فدیہ بارگاہ حق سی جان دینی کا ماذون ہی

کہا حر نی کہ پہر چلئی تو فرمایا یہہ سرور نی

یہان سب قتل ہوون پہر کر نجائین حکم بیچون ہی

تسلی آب وصل شاہ سی تہی کہتی تہین زینبؑ

سلگتی مثل آتش رنجسی سینی کی کانون ہی

یہہ سوز و نیت ایسی ہی کہ اختر فخر کرتا ہے

گرامًا کاتبین کی ہاتہہ سی یہہ شعر مسترون ہی

سلام

سلامی کہتی تہی شہ اپنی گردنکی صفائی ہے
ہوئی خنجر سی الفت اسکینہؑ سی جدائی ہے

کہا زینبؑ نی اسکی قتل سی درگذر کیجئو
مرا مظلوم سید بیوطن یہہ ایک بہائی ہے

چڑہا جب شمر شہ کی سینی پہ چلائی یون زینبؑ
وہ گردن کاٹی جاتی ہی وہ نانا کی دہائی ہے

بوقت قتل اکبرؑ زینبؑ با نوؑ کہتی تہی رو کر
یہہ اٹہارہ برس کی ظالمو میری کمائی ہے

بہن جب دیکہتی تہی بہائیکو کہتی تہی یون عابدؑ
پہ پہوپہی اماں شہ دین نی قسم مرنیکی کہائی ہے

مچلتی تہی جو گود مین سکینہ کہتی تہی بابا نو ۔۔۔ تجہی کسنی یہہ ہٹ اے لڑکی اس سن مین سکہائی ہے

سکینہ نیند سے چونکی تو چلانی لگی ہے ہا ۔۔۔ ابہی تو خواب مین صورت شہ دین نے دکہائی ہے

چلی رخصت کو جب زینب تو گبہری یون پکار اوٹہی ۔۔۔ ذرا دیکہو تو لاشو نمین کوئی دست حنائی ہے

ہر اک کو واسطی دیتی تہی کبری دیکہکر کہہ دو ۔۔۔ مری دولہہ کی ان لاشو نمین کنگنی کی کلائی ہے

سوم کی دن تڑپکر کہتی تہی یہہ زینب کبرا ۔۔۔ برابر ہی بلا جو آج آئی وہ کل آئی ہے

ہوئی جب قتل سب خویش و برادر بو یوان حضرت ۔۔۔ امانتکی جو دولت تہی وہ سب رن مین لٹائی ہے

بہن سے بہائی کہتا تہا کہ اب جاؤ خدا حافظ ۔۔۔ بہن کہتی تہی رو روکر یہہ لاشہ میرا بہائی ہے

بہن محتاج مقنع بہائی محتاج کفن ہی ہی ۔۔۔ عجب اے آسمان زینب کو یہہ قسمت دکہائی ہے

صدا دیتا تہا لاشہ اب سکینہ پر ترس کہاؤ ۔۔۔ مری دلدار ہی بیٹی ہی میری میر جائی ہے

امید دین و دنیا اسکی بر لائیا مری مولا
تمہاری در تلک اے شاہ اختر کی رسائی ہے

سلام

غنچۂ غم سے دل چکی گلشنِ دلکو بیکلی لے
صرصرِ حزن مجری کی باغِ الم مین جا ملی

بنتِ حسینؑ کہتی تہی بہائی سے اپنی ہاے وہ
پہوک دی دو جہان ابہی ہائی بہن وہ دلجلے

بیبیان سب ہین بیقرار ہچکی بہی رہ رہ کے اٹہا کے
پیر و جوان ہین سوگوار خیمی مین ہی تلملے

چرخ بہی چرخ کہا چکا سنکی یہہ غمکا ماجرا
نیزے پہ سر بلند تہا یار وہ یہہ وہ پہر وہ ٹلے

عابدؑ پاک نیمجان خیمی مین سبکی درمیان
پاؤنمین پہنی بیڑیان اور اودہر چہری چلے

کیا ہوا را ہوا رسے ملگیا وہ غبار سے
رک نہ سکی ہزار سے تیغِ حسینؑ جب چلے

دہار رگونسے جا ملی ندی لہو کی اک تہی
سوکہی گلی کو آب دی تیغ کی بارہ جب چلے

ہاتہہ ہو عاسی ہمقرین تختِ زمین پہ تہی مکین
جمگئی پائی شاہِ دین آئی بلا نہ پہر ٹلے

درد کا سر مین ننگ تہا ورنہ وہ بہرِ جنگ تہا
ابنِ حسینؑ دنگ تہا رنگ تہا اوسکا صندلے

تہی جو صدائے دار و گیر کہتی تہی وہ کرو اسیر
بنگیا ایک ایک تیر فوجِ شقی کا بانسلے

پہی

کوچی کٹی لعینونکی ہاتہہ ملی تہی پانو سی
پشتی تہی لاشونکی بندہی ورکہوکی تہی گلے

ویسی سگونسی تہی ہزار جوستی تہی جو نہار
سبہی تہی سیّدونکو یار ایک ٹہائی کی دو چلے

بیبیونکی جگر تہی چاک سینی ملی تہی مونہہ خاک
چہونکی خیام شاہ پاک پہر نہ بجہی وہ لگو جلے

بولی سکینہؑ بی پدر ملگیا خاک مین قمر
گہوڑی یہہ دوڑی لاش پر چور ہوئی نلے

مشفق و قدردان تہی وہ ساتہہ جنکی تہی چہا
جنپہ تو مہربان تہی وہ گودیونکی تہی پلے

کیون نہ قلم کو جوش ہو قط لگی ہلکا دوش ہو
کیون نہ سیاہ پوش ہون جسمی یہہ تختہ اردولے

عابدِ خستہ نام تہا ہائی وہ تشنہ کام تہا
کانٹونپہ وہ امام تہا فرش تہا جیسی مخملے

ایسا کہلا پہلا امام قتل ہوا جو تشنہ کام
گرد پڑین کو نیلین تمام بیل ہری نہ پہر پہلے

یار و غذا کا ذکر کیا سونچی نہ کچہہ برا بہلا
پانی نہ پیاس مین دیا ایسی تہی دد جنگلے

اخترِ زار ہے تعب غم مین پہنسا ہی بی سبب
آپ سی ہی مدد طلب آپ ہین اسکی یا علیؑ

سلام

لازم یہی تہا خامۂ تقدیر کی لئے
لکہی خطِ جفا دلِ دلگیر کی لئے

جلّاد بعدِ قتل نہ اسیر کہین ہمنشین
روتا تہا بہائی خیمی مین ہمشیر کی لئے

ہو کیون نہ طوقِ گردنِ عابدؑ مین ماہِ نو
چومی قدم شرف ہوا زنجیر کی لئے

عابد رقم کرین خطِ صغرا کا کیا جواب
کاغذ نہین قلم نہین تحریر کی لئے

بیوجہہ کیون شہید کیا شاہِ بیگناہ
وسعت بہت ہی ظالمو تقریر کی لئے

فرمایا شہ نی تیر سی اصغر جو بڑہ گئی
تکلیف دی ہی تمہین کچہہ شیر کی لئے

اچّہا کیا ترازو مین تو لا ہمارا لعل
بچّی کی جان جاتی تہی اس تیر کی لئے

رونا رولانا مرثیہ خوانی سی ہی الگ
نامِ حسینؑ کافی ہی تاثیر کی لئے

جلدی پڑی تہی قتلِ شہِ تشنہ کام کی
فرصت ملی نہ شاہ کو تکبیر کی لئے

سب انتظامِ لشکرِ کین ہو گیا درست
مہلت نہ دی حسینؑ کو تدبیر کی لئے

پہلو بہ پہلو ہو کی دم اوس سے کا گھٹ گیا
جب آئی دہار تیر کی بی شیر کی لئے

لاکہون سی ایک شخص لڑا بہوک پیاس مین
یہہ زور تہا تو فاطمہؑ کی شیر کی لئے

تعویذ ورد نامِ حسینؑ شہید ہی
بازو رونا توان جوان پیر کی لئے

واللہ وہ حسینؑ بہادر تہا بی مثال
رکہی سبیل خون کا جو شمشیر کی لئے

کیا اور گہاٹ مین نہ بجہی تشنگیِ تیغ
پانی گلی مین اوترا تہا شمشیر کی لئے

انصاف سی جواب حسینِؑ شہید دو
یارو گلا بنا تہا یہہ شمشیر کی لئے

ہی ہی مدام بوسہ گہہ مصطفیٰؐ جو ہو
ایسا گلا ہو شمر کی شمشیر کی لئے

اکبرؑ بہی کیا جوان تہا زمین مین جو مل گیا
وہ ماہِ نو تو اوترا تہا شمشیر کی لئے

اختر تجہی تو خواب مین مصرع یہہ ملچکا
یارب بلا تہا شیر جو تقدیر کی لئے

سلام ۷۹

کربلا مین جسگھری شام غریبان ہوچکے
اور سحر مانند زلف شب پریشان ہوچکے

آنسوؤنکا سلسلہ باقی رہی ابد تو
بنت زہرا شام مین محبوس زندان ہوچکے

کوئی روئی یا نہ روئی کچھہ نہین ہی احتیاج
روح زہرا آنکہ نعشونپہ گریان ہوچکے

ماہ زہرا جیسی نیزی کی انی پر ہی سوا
آبرو تیری بس ای خورشید تابان ہوچکے

پنجتن کی روح اس ماتم سرا مین آ گئی ہی
آرزو تیری جو تھی ای شیعہ خوان ہوچکے

جب چمن زہرا کا پامال خزان ہونی لگا
ہر کلی اس باغکی پہولونپہ نالان ہوچکے

کوکب زہرا پہ جب ابر شہادت چھا گیا
چاندنی میلی ہوئی اور وہ ہوئے پا عریان ہوچکے

جب بنی سی چلی شہ بولی صغرا اپنی گہر
جو ہوس باقی تھی مجھکو بہر درمان ہوچکے

حاکم ظالم نی ہمسائیمین زندان تہا دیا
یہہ اعانت شام مین بہر اسیران ہوچکے

ہند نی پوچھا تو زینب نی کہا ہم ہین اسیر
ای بہن چپ بس اب احوال پریشان ہوچکے

بولی زینب شمر سی دربار مین لیجانہ تو
بی لیاقت بات جو تھی تیری شایان ہوچکے

جب

جب طنابین جل چکین بولی سکینہؑ پیٹکر
آگ کی تدبیر بہرِ صدرِ سلطان ہو چکے

مونہہ چہپانیکی ہوس بابا نہین ہی اب ہمین
دربدر صحرا بصحرا بنتِ سلطان ہو چکے

قمریان کیونکر نہ پہنین طوق باغِ دہر مین
پا مسلسل قید مین زینبؑ سی ذیشان ہو چکے

یون فلک کو دیکہکر کہتی تہی عابدؑ واہ واہ
جو مصیبت شام مین تہی ہم پہ یکسان ہو چکے

بعدِ شہ اکبرؑ کا دیکہا سر تو بولی خلق واہ
شرحِ مصحف دیکہہ لی تفسیرِ قرآن ہو چکے

چہٹ کے جب اہلحرم آئی تو عابدؑ نی کہا
ناامیدی کٹ گئی اب یاس و حرمان ہو چکے

باندہکر ہاتہونکو یون خدمتین شہ کی حر نی کی
روک کر حضرتکو فوجِ حر پشیمان ہو چکے

کیا بڑہا ہائے ظلم سیدین کو ہوا تہا وا ستم
داستانِ رنجِ شہ کس مونہہ سی پایان ہو چکے

باندہکر ہاتہونکو یہہ بولا عمر پہر جا تئی
فوج ساری آمدِ شہ سے پریشان ہو چکے

کانٹی تلووںسی نکالی جب کہا سجادؑ نی
شام مین اب کاوشِ خارِ مغیلان ہو چکے

بولی صغراؑ یون فلک سی پہر بلا دیگا مجہی
گردشِ قسمت مری اے چرخِ گردان ہو چکے

آفتاب دین گہن مین آگیا ہی ہائی ہائی
روشنی تیری بس اب ای ماہ تابان ہو چکی

کیسا بل کہا کر پہنسایا ازرقِ بیباک کو
زلفِ اکبرؑ قتلگہ مین مار پیچان ہو چکی

خاک مین چہرا بہرا جب اکبرِؑ گلرنگ کا
زلف کمہلائی بہارِ سنبلستان ہو چکی

یا علیؑ اختر کو پہر اقبال مندی دیجیی
رحم پہر کیجی سزائی جرم و عصیان ہو چکی

سلام

فلک پہ شرم سی کیونکر نہ آفتاب جلی
زمینِ گرم پہ ابنِ ابو تراب جلی

حرارتِ رخِ مقتل سی شیخ و شاب جلی
کلیجی پانی ہوئی دیدۂ پر آب جلی

تری جو چشم کی دیکہی تو سوکہہ جائی فرات
لبِ حسینؑ کی خشکی سی زمین آب جلی

بڑہی تہی زمین یہہ تنویر چہرۂ شبیرؑ
یقین تہا شعلۂ رخسار سے خضاب جلی

کہا یزید سی زینبؑ نے تو تو ناری ہی
نہ کیون جہانمین ترا نامۂ حساب جلی

جو گرمی

جو گرمی لبِ شبیرؑ سی مقابل ہو — عرق ہو شمر سی گلشن رُخِ گلاب جلے

کہا یہہ شمر سی عابدؑ نے پھونکا خانۂ دین — خدا کری کہ جہانمین ترا خطاب جلے

وہ سوختہ کرۂ نار کی ہین گر آئے — عذاب بنکی لعینونپہ خود عذاب جلے

ہر اک کی دلمین ہوا داغ بعدِ رنجِ حسینؑ — ظہورِ قتلِ شہِ دین سی شیخ و شاب جلے

بجھائی آتشِ شمشیر سرِ و مہرِ شاہ — جو برق تیزی صمصامِ خوش ادا سے آب جلے

اوٹھی شرار جو خیمی سی بچّی آلِ علیؑ — الٰہی ظالمونکو اب زمین مین داب جلے

جو عین شدتِ گرما مین اوسمین نوش کری — غذائی لختِ دلِ فاطمہ سی قاب جلے

شرابی لاتی جو مینخانہ مین سرِ سرور — قریب تھا کہ رُخِ پاک سی شراب جلے

عدو یہہ کہتی تہی مقتلمین وقتِ جنگِ حسینؑ — بچاؤ ہمکو ہم اے سلطنت مآب جلے

زمین پہ کوہ بہی پانی سا ہو کی بہجائے — فلک پہ آہِ دلِ شاہ سی سحاب جلے

لعین یہہ کہتی تہی جنگگاہ مین کہ روکی ہاتھ — کرم کر ابنِ علیؑ اب نکر عتاب جلے

بوقتِ قتلِ شہِ دین یہہ کہتی تہی سجّادؑ
یقین ہی رحم و عنایت کا آج باب جلے

جلا جو خیمہ تو چلائین زینبؑ و کلثومؑ
الٰہی ظالمونکا خانہ خراب سے جلے

کہنچی حسامِ شہِ دین تو بولی اہلِ کین
شرار برق سی سب اے فلک جناب جلے

جلائی آتشِ شمشیرِ شاہ نی دُنیا
سیاہ برق ہوئی اور پرِ غُراب جلے

تپنِ تیغِ شہِ دین ہوا جو رنجِ الم
سیاہ مار ہوئی بازوئی عقاب جلے

ضعیف خم ہوئی لڑکی بلک کے رُنی لگے
الم سی نمین جوانونکی بہی شباب جلے

جلایا رخت سب اونکا جو تہی عزیزِ جہان
لباسِ سفِ شبیّر وقتِ خواب جلے

گناہگارونکی عصیان ہوئی مثالِ کوہ
بس ایک نارِ عداوتسی سب ثواب جلے

جو دیکہی تیزیِ زلفِ سیاہِ اکبرؑ پاک
مثالِ مارِ لعین کہاکی پیچ و تاب جلے

وہین قرین ہر سرِ سرور برق جب چمکی
سوارِ خاک ہوئی اور سب دواب جلے

گری تہی جیفۂ دُنیا پہ سب سگانِ شمر
نمود شیرِ خدا جب ہوا کلاب جلے

زبانین خشک ہوئین ہونٹھ پہ بنگئی کانٹے
وہانمین سارے صغیرونکی بہی لعاب جلے

یقین ہی منہدی بہی پس کے نہ رنگ دے ہیہات
جہانمین خونِ شہید انسی گر شہاب جلے

دعایہی ہی نہ ٹہنڈا رہی زمانی مین
عدوی اخترِ ذاکر بہی التہاب جلے

سلام

وفورِ حزن سی حورونکو اشکباری ہی
جنابِ فاطمہؑ کو آج بیقراری ہی

کسیکا خشک گلا یاد آگیا شاید
جو سلسبیل کی آنکہونسی اشک جاری ہی

سحابِ اشکِ اسیرانمین چمکی برقِ ستم
تڑپ ہی رنج ہی آہ و فغان ہی زاری ہی

نہ موندہ پہیریگا لڑائیمین لاکہہ سی ہرگز
کہ جسمِ شاہ کو بہی شوقِ زخمِ کاری ہی

یزید زینتِ ہندہ مین ہی او وہ مصروف
رسولزادیونکو لطفِ سوگواری ہی

گہٹا نہین ہی نہ پیاسونپہ منہہ برستا ہے
جو لو کا جہونکا ہی بوندیکی وہ کٹاری ہی

ادہر ہین ساقیِ کوثر کی بیٹیان پیاسی ہے
ادہر یزید کی مجلس مین بادہ خواری ہے

یہہ سوکھا حلق تھا چھلنی سی ہو گیا وہ بہی ہے
گلیسی شاہ کی خنجر تلک بہی عاری ہے

نہ پوچھو عابد و اہلحرم کا حالِ زبون
برہنہ پائی ہی یا اونٹ کی سواری ہے

تڑنگ سواریِ اہلحرم کا کیا لکھون
کجاوہ رات کا ہی صبح کی عماری ہے

پلنگ و مسند و کرسی پہ اہلِ شام ہین اور
تڑپتی خاک پہ شاہِ عرب کے پیاری ہے

خزان گلِ نبوی کی جو دیکھی غم چھایا
ہر ایک آنکھہ نہین ابرِ نو بہاری ہے

کہا حرم سی یہہ عابد نی راہ مین رو کر
ہماری پاؤن مین بیڑی غضب کے بہاری ہے

حسین ع کی کبہی دیکہی تہی اشک افشانی
یہی سبب ہے جو مینہہ آسمانسی جاری ہے

کسیکی ذات سی اختر نہ رکھہ توقع تو
ترا کفیل و معین بس جنابِ باری ہے

سلام ٨٣

گہرسی جب بہرِ وغا شاہِ دلاور نکلی
سیکڑون تیر چلی سیکڑون خنجر نکلی

ہاتہونسی ہیٹ لیا زعفر جن نی سر کو
شُہدا کی جو وہانپر تنِ بیسر نکلی

جب گنا جوہری موت نے مالائی حسینؑ
ایک ہی ہار کی یہہ لعل بہتّر نکلی

قتلِ عبّاسؑ کی جب ہوم ہوئے مقتل مین
دونو ہاتہونسی کمر تہام کی سرور نکلی

ننگی سر اونٹونپہ تہی فوجمین سب اہلِ حرم
سر برہنہ سرِ بازار پیمبر نکلی

نرہا کوئی تو پہر وقتِ شہادت شہ کو
دہیان تہا رنمین نہ از زینبؑ مضطر نکلی

لال ہو جائی زمین خونِ شہیدانسی جب
سُرخ کیونکر نہ فلک پر شہِ خاور نکلی

جُرأت لشکرِ شبیرؑ سی نسبت ہی کسی
ایسی ہفتاد و دو تن تہی کہ وہ مرکر نکلی

جب چلی مرنیکو شبیرؑ سوئی کرب و بلا
پابرہنہ وہین ہمراہ پیمبرؐ نکلی

پردہ داری نرہی اہلِ حرم کی جسدم
وہین انگشت بلب شافعِ محشر نکلی

واہ ری جود و سخا عین غم و غصہ مین
کلمۂ بد نہ کبہی شاہ کی لب پر نکلی

یا علیؑ کہنی لگی آلِ علیؑ خیمی مین	کہینچی تلوارین جو میدان مین ستمگر نکلی
قصدِ خیمہ طرفِ شاہ جو غیرون نے کیا	خویش و فرزند و پسر او برادر نکلی
گیا لڑی دونون کی دونون صفتِ ضیغم ورق	پسرِ زینبؑ ناشاد دلاور نکلی
بعدِ قتلِ علی اکبرؑ جو چلی میدانکو	خلعتِ آخری شبیرؑ پہنکر نکلی

عرض کرتا ہی سمجھہ لیجئی شاہِ کونین
باظفر دارِ بلاسی کہین اختر نکلی

سلام

شہادت آج جنابِ امیرؑ نی پائی	عدن کی راہ نبیؐ کی وزیر نی پائی
جو نوجوانی مین اکبرؑ تہِ زمین پہنچے	کلاہِ رنج والم چرخِ پیر نی پائی
ہوا جو عشرہ ماہِ حرام ثقلین	خبرِ عدم کی امامِ خبیر نے پائی
دلہن سی چہوٹ کی نوشاہ شہید ہوا	عروسِ قبر نے قلعہ گیر نے پائی

قدکو

قدم کو لغزش طاعات رب نتھی حاصل
صراط صاف مری دستگیری نے پائی

جہانکا مال کیا خاک طاعت رب مین
وہ حکمرانی اسیر کبیر نے پائی

ہوئی شہادت شاہ جہان جو مقتل مین
قبائے سرخ شہ خوش سیر نے پائی

وصی ہزار ہوئی سینکڑون لی گذرے
یہہ داستان کسی ہمصفیر نے پائی

شہید ہو گئی میدان مین نونہال حسینؑ
گلو نکی جلد بدن روئے تیر نے پائی

ہمیشہ تخت قناعت پہ تھے مکین حیدرؑ
قدم سی آبرو روئی حصیر نے پائی

پھری ہین سید سجادؑ جسطرح قیدی
یہہ گردش آہ نہ ماہ منیر نے پائی

ملی حساب مین گو قاتلان نہ اختر
یہہ جمع غم نہ زحل کی دبیر نے پائی

سلام

صادر سے سر و رہوتی ہین ہنر اتنی
اعجاز نہ دیکھی تھی کبھی پیشتر اتنی

عابد نے کہا ترکِ ادب کرتے ہیں ظالم
مغرور حکومت پہ ہیں یہہ بے خبر اتنے

حضرت نے دمِ جنگ یہہ فرمایا زباں سے
ریتی پہ پڑے ہیں مرے لختِ جگر اتنے

ہفتاد و دو تن ذبح جو دیکھے کہا شہ نے
افسوس ملے خاک میں شکلِ قمر اتنے

زینب نے کہا نعشِ شہِ دیں پہ دمِ قتل
ہیہات ہیں اک جسم پہ تیر و تبر اتنے

میداں میں پردیسی نکل آئے کھلے سر
خیمے میں حرم کو ہوئے خوف و خطر اتنے

ناصر مرا اللہ ہے فرمایا یہہ شہ نے
کیا خوف ہے دشمن ہوئے بیدیں اگر اتنے

بندے بہت آئے ہیں نہ یہہ ظلم سنا تھا
سب کہتے تھے کٹتے ہوئے دیکھے سر اتنے

فرمایا یہہ شبیر نے انگشت نما ہیں
برگشتہ نبی سے ہیں پئے حبِ زر اتنے

ہفتاد و دو تن رہ گئے جب دشتِ بلا میں
رو کر کہا شہ نے ہیں مرے ہمسفر اتنے

جسطرح سہے رنج و الم جانِ نبی نے
کیا بار اوٹھا سکتا ہے کوئی بشر اتنے

چھلنی تھا غمِ اکبرِ ناشاد سے سینہ
اک دل پہ نمایاں ہوئے داغِ پسر اتنے

جونی

حرفی کہا شہ سے کہ ابھی چرخ اولٹتا / ای ماہِ کرم ظلم ہوئی آپ پر اتنی

سوز و شررِ آتشِ دوزخ سی نہ بچتا / گر اشک گراتی نہ مری چشمِ تر اتنی

کیا صبحِ شہادت ہوئی فرمایا یہہ شہ نے / فریاد یہہ کیون کرتی ہین مرغِ سحر اتنی

باغِ نبوی پر یہہ خزان آئی ہی گلچین / کاٹی ہین سرِ تیغِ جفا نی شجر اتنی

شہ نی کہا جب لشکرِ مذبوح کو دیکھا / توڑی ہین مری باغ سی ہی ہی ثمر اتنی

شہ نی کہا ای ناریو ہون خلد کو راہی / پہونچائی مری جانکو سب نے ضرر اتنی

حامی ہین تری حضرتِ شبیرؑ جہانمین
اختر نکر اس حال سی خوف و خطر اتنے

سلام

مصیبت حضرتِ شبیرؑ کی عالم سی افزون ہی / یہہ نوحہ بہر جانِ خلق ہر ماتم سی فزون ہے

وہان تہی حشمتِ دنیا یہان تختِ شفاعت ہے / سلیمان و سکندر کب شہِ اکرم سی افزون ہے

کمی کرنا نہ اس ماتم مین اے اہلِ عزا ہرگز
غمِ آلِ عبا دنیا مین ہر اک غم سی افزون ہی

وہ یکہ خلد سی نکلی یہہ ہفتاد و دو تن پہنچے
تجمل شاہِ دین کا حضرتِ آدم سی افزون ہی

یہہ فرماتی تہی اکثر موسمِ گرما مین عابد ہی
بہلا کب ابر باران سیر چشمِ نم سی افزون ہی

یہہ حُر نی عرض کی بندہ ہو داخل جان نثارون مین
جہان مین کون اس شاہنشہِ اعظم سی افزون ہی

کہا محفل مین بیمارونکی عابد نی گدا تم ہو
ہمارا کاسہ صبر آج جامِ جم سی افزون ہی

ندا امید نمین دی عون و محمد نی لعینون کو
برابر ہو ہماری آئی کوئی ہم سی افزون ہی

کہا زینب نی اب سیر پسر قربانِ سرور ہون
کوئی جان خلق بہر مین آپکی اس دم سی افزون ہی

بوقتِ عجز و توبہ رو دیا بحرِ امامت نے
یہہ فرمایا کہ ای حُر تو مری ہمدم سی افزون ہی

کہا دربار مین حاکم کی زینب نے یہ موہنہ کہلوا
ہماری آنکہہ کی پتلی بہی نا محرم سی افزون ہی

کمی ہرگز نہو گی عیشِ عقبیٰ مین سمجہہ رکہو
یہہ گریہ و بکا ہر دم لبِ زمزم سی افزون ہی

مری جد نے مجہی پہلی سی اس دن کی خبر دی تہی
کہا شہہ نی کہ ای شمر تو ارقم سی افزون ہی

مری اصغرؑ کو لگتی ہی کیا بسمل کہا شہ نی
یہہ تیر زہر آلودہ تو ہر اک سم سی افزون ہی

صحابہ بہی یہہ بعد قتلِ شہ عابدؑ سی کہتی تہی
کہ رونا آپکا تو گریۂ آدم سے افزون ہی

کہا اونٹونپہ عابدؑ نی نہ رُلواؤ اسیرونکو
یہہ طعن بیکسی ہی خنجرِ ظلم سے افزون ہی

یہہ روتا ہی غمِ شاہِ شہیدان مین وہ پتّہر ہے
بہلا کب قدرِ گوہر اخترِ سرِ غم سی افزون ہی

سلام

کہتی تہی سکینہؑ کہ برادر نہین آتے
مین مرتی ہون اور حیدرؑ صفدر نہین آتے

فرماتی تہی شہ ذبح کری شمرِ بد اطوار
تا روئی گلو کیون لبِ خنجر نہین آتے

اکبرؑ سی یہہ زینبؑ نی کہا خون مین بہر گئے
کیا رنج ہی جی زلفِ معنبر نہین آتے

سیدانکی طرف دیکہکی کہتی تہین سکینہؑ
پانی لئی عبّاسِ دلاور نہین آتے

ہون کشمکشِ رنج مین فرماتی تہین زینبؑ
اب میری بچانیکو پیمبر نہین آتے

کہتی تہی مدینی مین خدا سی یہی صغراؑ
بابا مری ای خالقِ داور نہین آتے

ہر صبح یہہ فرماتی تہین آلام سی زینبؑ
شب ہوگئی اور دو نو دلاور نہین آتے

اونٹونپہ یہہ ہر مرتبہ کہتی تہی سکینہؑ
پیاسی ہون بہت ساقیِ کوثر نہین آتے

کب دیکہونگی بابا کو یہہ کہتی تہی سکینہؑ
کیا وہم پہی روئی منور نہین آتے

حاکم سی کہا خولی نی دربار مین آکر
آگی قدمِ عترتِ اطہر نہین آتے

کیا کرتا ہون اک وار سی فرماتی تہی اکبرؑ
نامرد ذرا میری برابر نہین آتے

کہتی تہی لعین باقی ہی اب کون پی جنگ
ای ابنِ علیؑ خیمی سی باہر نہین آتے

زینبؑ نی کہا آؤ علیؑ فاطمہ زہرا
گمراہونکی پاداش کو رہبر نہین آتے

قاسم نی دمِ جنگ ندا دی سرِ میدان
اس پیاس مین ای قاسم کو تنہ نہین آتے

رو رو کی کہا فاطمہ صغراؑ نی کہ ہو خیر
خط حضرتِ شبیرؑ کی اکثر نہین آتے

حاکم نی اسیرونکی طرف رخ جو پہرایا
جہنجلا کی کہا دیر ہی کیا سر نہین آتے

جب

جب دیر ہوئی جنگ مین چلائین یہہ زینبؑ
گرمی ہی بہت میری گُلِ تر نہین آتے

خولی نی کہا اونکو نیہ چلکر ہو سوار اب
ای قید یو اب لوٹنی کو گہر نہین آتے

عباسؑ کو جب قتل کیا کہتی تہی بین
کیون جنگ کو ہمشکلِ پیمبر نہین آتے

حاکم سرِ دربار اسیرونسی یہہ بولا
عابدؑ ہین کہان باولِ مضطر نہین آتے

عابدؑ نی کہا غش نہین آتا دمِ رفتار
پہرتا ہی سرِ عرش بہی چکر نہین آتے

اکبرؑ سی کہا یونہی چلی ہمسی بہی مل لو
پیاری طرف زینبؑ مضطر نہین آتے

آتین ہین یہان پنجتنِ پاک کی روحین
کیا دیر ہی مجلس مین جو اختر نہین آتے

سلام

دستِ کبریٰؑ سی اگر مہندی کی لالی چہٹ گئی
تو لبِ افلاک سی مسی بہی کالی چہٹ گئی

ہی دواتِ خشک حلقِ خامۂ قا پیاسی
شہکی غم مین حسرتِ شعرِ زلالی چہٹ گئی

کیا ہوا ہی کیون نہین بہر ہی تُل آلام سے — لذتِ اشکِ الم ای چشم خالی چھٹ گئے

جامِ آبِ صاف سے دشنہ بولی ابنِ سعد سے — تجھسی ننگ عار رندِ لاؤبالی چھٹ گئے

جال جیسی اشک سے غمکا پڑا کہتی تہی شاہ — ہم ہی سی آنکہونکی پلکونکی جالی چھٹ گئے

موسمِ گرما مین پیاسا دیکھکر شبیرؑ کو — سر دیونمین حسرتِ رومالِ شالی چھٹ گئے

چشمۂ دریا ہوتی ہین خشک اشکِ شاہ سے — اور سحابِ چرخ کی بہی زارنالی چھٹ گئے

وہم دلسی بایقین کو جب کیا زمین شہید — آرزوئی روئی مضمونِ خیالی چھٹ گئے

باغیونسی باغِ زہرا پر خزان آئی جو ہین — پائی بلبل سی وہین پہولونکی ڈالی چھٹ گئے

عیسی گردون نشین شبیرؑ کا مسکن زمین — تیری فعت جیسی ای چرخِ سفالی چھٹ گئے

ہوگیا شیرِ خدا کا جب مرقع پائمال — تیری ہیبت خوف سی ای شیرِ قالی چھٹ گئے

رنجِ شہ مین رُخ پہ جاری ہین مروارید اشک — آبروئی گوہر وسلکِ لآلی چھٹ گئے

دستِ تیغِ ظلم نی کاٹا ہی سرو راستا — کشت زارِ شاہ کی اب پائمالی چھٹ گئے

وقتِ غارت شمر نی جھٹکا دیا جو زور سے
دستِ نا وانسی ہین کانونکی بالی چھٹ گئے

آہ اکبرؑ پر پڑی شمشیر وشتِ جنگ مین
منزلت تجھسی اب سپہرِ ہلالی چھٹ گئے

بخیہ چاکِ جانِ زہراؑ کا نہ جیسی ہو سکا
جیسی مجھسی قدرِ داغِ اندمالی چھٹ گئے

ہم شبیہِ مصطفیٰ کا کٹ گیا جسدِ ورق
صنعتِ نقّاشِ تصویرِ نہالی چھٹ گئے

شہ نی جب دیکھا علیؑ اکبر کو جنگل مین شہید
رونی سی انوار سی طرزِ بحالی چھٹ گئے

وہمِ زلفِ ابنِ شہ ہی اب سیاہِ شام مین
اک سیاہی سی مری دل کی حوالی چھٹ گئے

لیگیا گھوڑا جو اکبرؑ کو سپاہِ شام مین
ہاتھ سی شہ کی زمامِ طبعِ عالی چھٹ گئے

شہ کی صدقے مین زبان آور ہو نہین ہا شہر مین
مرثیہ گوئی مین مجھسی بی کمالی چھٹ گئے

لختِ جانِ شہ جنوبی تیغ سی ٹکڑی کیا
قلبِ شہ مسموم ہی بادِ شمالی چھٹ گئے

آبِ دُنیا مہرِ زہراؑ مین بند ہا ہی شامیو
کیا ہوا گر قبضۂ حضرت سی نالی چھٹ گئے

بعدِ قاسم فاطمہ کبریٰؑ نی پہاڑا پیرہن
خاک چہری پہ لگائی خوشجمالی چھٹ گئے

کونسا آیا ستارہ شاہ کا ای چرخِ دون — کونسی ترکیبِ اسماءِ جلالی چھٹ گئے

حشر پر ملنا رہا اب تا قیامت ہی فراق — اب دولہن دولہہ سی ترکیبِ وصالی چھٹ گئے

شام تک تہا وہم اب ہے صبح بولی شاہِ دین — ہی یقینِ مرگ لفظِ احتمالی چھٹ گئے

نہر پر جسر تسی فرمایا یہی عباسؑ نی — قطع یہہ بہی ہوگئی ہاتہونکی تہالی چھٹ گئے

لگ گیا بالی علی اصغرؑ پہ ناوک بولی شاہ — ای سکینہؑ جان صورت دیکہی بہالی چھٹ گئے

طعن سی کہتی تہی بیدین لشکرِ شبیر سی — اب لجامِ صبرِ رقت خشک سالی چھٹ گئے

کس سی مانگون آب فرماتی تہی شہ کلثومؑ سے — بدشعارونکی یہان پر خوشخصالی چھٹ گئے

کہینچی جب تیغِ دو پیکر شاہ نی جنگگاہ مین — جیش پر تقدیر بہر گوشمالی چھٹ گئے

فاطمہؑ سی عرض کی بعدِ شہادت شاہ نی — چین اب آیا جگر سی خستہ حالی چھٹ گئے

رنجِ شاہِ تشنہ لب مین اختر ایتو آہ کر
جا رو یا بس شعر بین بی اعتدالی چھٹ گئے

۱۷

سلام

جگر کو رنج ہی ماہِ عزا سی اور غم ہے ۔ سلامی داغِ گلِ لالہ دلکا عالم ہے

سرونپہ خاک اوڑاؤ مہِ محرم ہے ۔ ہلالِ چرخ ہی بارِ تعب سے قد خم ہے

بوقتِ راہروی بولی عابدِ خوشگام ۔ ہر ایک حلقۂ زنجیر چشمِ پُرنم ہے

برہنہ سر ہون نہ کسطرح شیعیانِ علیؑ ۔ جوان و پیر کو دردِ حسینؑ کا غم ہے

گلونپہ چلتی ہی شمشیر وقتِ دیدِ نگاہ ۔ کشیدہ تیغ جمالِ مہِ محرم ہے

ادہر ہین زینبؑ و کلثومؑ رنجسی مغموم ۔ اودہر یزیدِ لعین آہ شاد و خرم ہے

کہا یہہ شاہ نی پہنچا جو ہین قریبِ گلو ۔ کہ دہار تیر کی اصغر کی واسطی سم ہے

کبھی بہی ہوتا ہی دل سیر اشکریزی سی ۔ زیادہ رنج و الم ہو جہان تلک کم ہے

یہہ حُر نی عرض کی فدیہ ہون سب سے پہلی مین ۔ غنیمت ای شہِ شاہان جہانمین یہہ دم ہے

سحر سی شاہِ جہان کو ہی تشنگی افزون ۔ ملال حزن و تعب رنج و یاس ہر دم ہے

رکوع مین ہی شہِ دین دُعائی اُمت سے — خمیدہ غم سی زمین پر وہ عرشِ اعظم ہی

ہی نعشِ شاہ جو تنہا تو گرم ریت پہ ہی — نہ کوئی یار نہ مونس نہ کوئی ہمدم ہی

کہا یہ شاہ نی اک جام آبِ صہبا ت — لبوں پہ جان ہی بچہ ہر ایک بیدم ہی

سروشِ غیب نی دی وقتِ ذبحِ شہ آواز — یہ فخرِ ہر دو جہان ہی یہ فخرِ آدم ہی

قباد و قیصر و افراسیاب کافر تھی — جہان مین نسلِ نبوت سی کوئی ہم جم ہی

جو حلق تر کری اک بوند تک نصیب نہین — تڑپتا پیاس کی مارے شہِ مکرم ہی

عظیم ہی یہ شہادت بڑہی ہی بارشِ اشک — کہ ابرِ تیغ کے نیچے شہِ معظم ہی

کہا یہ عفرِ جن نے جو دیکھی نعشِ حسینؑ — یہ تاجِ فرقِ زمانہ ہی شاہِ اکرم ہی

نہ جان دینی مین تاخیر ہو کہا شہ نی — رضائی خالقِ کون و مکان مقدم ہی

کہا یہ حر نے کہ رخصت مجھی ملی پہلی — نہین جو مرضیِ مولا وہ سب پہ اقدم ہی

یقین ہی بابِ اجابت کہلی دعا کے تہہ — کہ قلبِ اختر مغموم شہ کا مقدم ہی

سلام

سلام

طپش دلونمین یہی جانونکو رنج ہوتا ہی — سلامی غمسی کھلا دین تمنا ہی

درخت خشک کی مانند قلب سوکھا ہی — نہ آبیاری راحت نہ لطف دنیا ہی

غم حسین عجب رنج دلکو دیتا ہی — مجھو پیاس سی غمگین تمہارا مولا ہی

نہ نور آنکھونمین شہ کی نہ راحت جان ہے — کمر کو تہام کی کہتی ہین درد ہوتا ہی

ہو کسطرحسی بہلا التیام داغ جگر — کہ زخم سینۂ شاہ زمانہ آلا ہی

لبونکو چوسکی بیہوش جہولیمین وہ ہی — جو دیکھا اصغر ناشاد کو تو مُردا ہی

وہ مہر چرخ امامت گرا زمین پہ آج — زمانہ خاک بسر کیون نہو کہ زیبا ہی

قمر کی شکل ہین اونٹونپہ ننگی سر رانڈین — رہی نقاب نہ چادر نہ کوئی پردا ہی

کھلی ہین دیدۂ حق بین بہرہین خاکسی تن — ہر ایک چاند زمین بلا پہ سوتا ہی

اواز بانسی نہین ہوتا کہتی تہی شبیر ع — خدای پاک مری حال دل کا بینا ہی

لہو مین تر ہون کہا شہ نی زخم وافر ہین
اسی شبیہہ سی نانا کی آگی جانا ہے

زمین پہ نعرۂ مرغان و وحش و طیر و حمام
فلک پہ دیدۂ مہتاب خون روتا ہے

کہا یہہ ہاتھوں پہ اصغرؑ کو رکھ کی مولا نی
اسی تو پانی پلا دو کہ سب سی چھوٹا ہے

کہا سکینہؑ نی آنکھین جو کھولو گی اصغرؑ
علیؑ کی نذر مین لاؤ نگی یہہ مانا ہے

سرونکو پیٹتی ہین جن و انس ڈر ڈر کر
جہان مین مجلس رنج و الم مہیا ہے

کہا یہہ شہ نی عبث سد آب ہی ای شمر
ممانعت تری ای بیحیا یہہ بیجا ہے

کہا سکینہؑ نی دکھلا کی اپنی بابا کو
لب و دہان و گلو تشنگی سی سوکھا ہے

چلی جو اکبرؑ ناشاد بولی فوج عمر
لڑائیکی لئی خیمی سی کون آتا ہے

جو رکھہ کی ہاتھوں پہ لائی کہا یہہ سرور نے
گلوئی اصغرؑ معصوم تک نشانا ہے

زمانہ کیون نہو بیہوش رنج سرور سے
کہ پہنچا گوش فلک تک یہہ شور نالا ہے

نشان پوچھتی تھی زینبؑ برشتہ جگر
بتا دو قاصد صغرا کدہر وہ آیا ہے

کہا یہہ

کہا یہہ فاطمہؑ نی نانیسی کہ نانی جان
کوئی خبر مری بہائیکی پیک لایا ہے

نہ پایا دودہ نہ پانی کا جام بولی شاہ
کہ پچہلی راتسی اصغرؑ ہمارا جاگا ہے

نہ پوچہہ حالِ شہیدان وہ سب شہید ہوئے
جوابِ قاصدِ صغراؑ این دل یہہ بولا ہے

زمین ایک وجب دی نہ شاہِ عالم کو
فلک یہہ طورِ جفا تونی کس سی سیکہا ہے

خلش دلونمین ہی سوالی کی زخمِ کاری سی
جگر پہ ناوکِ اندوہ و حزن بیٹہا ہے

بوقتِ نزع کہا شہہنی آئی ہین اماں
ہمارا سوزنِ مژگانسی زخم ٹانکا ہے

کبہی نہ ہوئینگی آباد کہتی تہی سجادؑ
مسافرونکو جو دشتِ بلامین لوٹا ہے

نظر جو کاکلِ اکبرؑ پہ کی کہا شہ نی
کہ ایک خوابِ پریشان ہی شبکو دیکہا ہے

یہہ حکمِ رب ہی کہ تنہا رہون کہا شہہنی
کہ بیوفائیسی سایہ بہی مجہسی بہاگا ہے

الٰہی فیضِ کرم سی تری نہال رہی
توبخش اخترِ غمگین کو یہہ تمنا ہی

سلام

کہا عابدؑ نے شہ چھوٹی وطن آئی تو کیا آئے
گئی دنیا سی سب سیر و چمن آئی تو کیا آئے

کہا اصغرؑ کا نعشہ دفن کر کی شاہِ عالم نے
سوائی گردِ صحرا اب کفن آئی تو کیا آئے

پھری جب بارِ دیگر جنگ سی فرمایا اور کنی
کہا اکبرؑ نی ہم تشنہ دہن آئی تو کیا آئے

شبِ قدر اسکو کہی پیشِ روئی اکبرؑ مہ رو
مقابل زلف کی مشکِ ختن آئی تو کیا آئے

کہا ختم الرسلؐ فی باپ پیاسا ہی لبِ دریا
تم اصغرؑ سونگھنی سیب ذقن آئی تو کیا آئے

گئی ان

کسی دن رنگہی شبیرؑ پیچھے بولین یون زینبؑ
حسینؑ آئی نہین تم ای حسنؑ آئی توکیا آئے

وطنمین چہوٹکر آئی جو قیدی بولین یون صغراؑ
حسینؑ آئی نہین سب مرد و زن آئی توکیا آئے

کہا وقتِ شہادت زعفرِ جن سی یہہ سرورؑ نے
ہماری بعد اتنی تیغ زن آئی توکیا آئے

کہڑی تہی سکتے کی عالم مین سب بارِ حاکم مین
زبانمین چہوٹی بچّونکی سخن آئی توکیا آئے

زمین پر یاد آتی ہی جوانیِ علی اکبرؑ
نیا مضمونِ غم چرخِ کُہن آئی توکیا آئے

سُنی افزون پریشانی علی اکبرؑ کی زلفونکی

مری پیشانیِ غم پر شکن آئے تو کیا آئے

خدا عالم ہی جو دلکا عزا انکی شہسے عالم ہی

نہین باقی کوئی رنج و محن آئے تو کیا آئے

مناسب تہا فلک عمرِ دو روزہ عیش مین کٹتے

پئی ہجر و الم دولہہ دولہن آئے تو کیا آئے

ہوئے غربال تلوے باغِ عالم مین جو عابد کی

چبہی خارِ الم نازک بدن آئے تو کیا آئے

بتوں نسے بڑہکی اک اک ظالمِ بیدین تہا لشکر مین

مسلمان بنکی مرد برہمن آئے تو کیا آئے

چہڑا سکتے نہ تہی قیدی گلوئی بستہ آپس مین

گلی کو سیکڑون رنجِ رسن آئے تو کیا آئے

نہین اشکِ عزای شاہِ دینی بڑہ کی قدر اسکی
ہماری سامنی دُرِّ عدن آئے تو کیا آئے

کرورون مرتد و ملحد ہین اخترِ دہرِ فانی مین
نہ دیکہا جب جمالِ پنجتن آئے تو کیا آئے

سلام ۹۱

سلامی درد و رنج و ہجر مین جانِ سکینہ ہے
یہی کہتی تہی سب مارے گئی بیکار جینہ ہے

نہین تہلیڑا جو امواجِ بحرِ غم مین ڈوبی ہین
تباہی مین محبّو آلِ احمد کا سفینہ ہے

نہ جائین اور نہ زنگ و کدورت و شبہہ غبارِ و غش
صفائے حُبِّ حیدر سی مرادل آبگینہ ہے

تصدّق مین علیؑ کی اسمِ اقدس کی سلیمان تہا
یہی نام مبارک و لکی خاتم کا نگینہ ہے

قطعہ

مرض مین و رتنہائی مین صُغرا روکی کہتی تہے
کہ بابا جان خالی آپکی دمسی مدینہ ہے

سوائی ہجر و وصلِ مہر و مہ بہی خوش نہین آتا
نہ باہم ہو کوئی یہہ عادتِ چرخِ کمینہ ہے

ز رتیب نجف نبیؐ کو خود مولیٰ نی بتلایا | چھپا آہو وہان دیکھا سبھون نے اک دفینہ ہے

نہ ہی اکسیر کو رتبہ نہ پارس اُسی بڑھکر ہی | ولائی چاردہ معصومؑ دُنیا کا خزینہ ہے

لگا لیجائیگی جنت مین آدم کو پس از مُردن | محبت نامِ پاک شاہ کی حورِ حسینہ ہے

بوقتِ جنگِ اکبرؑ شاہ نی فرمایا رو رو کر | کہ اک تن پر ہزارون ٹُوٹین مہمل قرینہ ہے

نہ خالی ہوگا تا فردائی محشر شہ نہی فرمایا | مری جانب سے صدرِ اشقیا لبریزِ کینہ ہے

تبرا بہرِ اطفائی ہوائی نارِ دوزخ ہی | تولا بامِ بخشش کی لئی کیا خوب زینہ ہے

ہزارون شکر معبودِ حقیقی کی کہ میرا بھی | ولائی چاردہ معصوم سی لبریز سینہ ہے

محب روتی ہین و زری کہتی ہین بچتی ہین عصیاں سی | عجب ماہِ مبارک ہی عجب بہتر مہینہ ہے

خفی ایطا جلی ایطا سی تائب قافیی سچّی
ترا ہر مصرع خوش اختر اُستونی نگینہ ہے

سلام ۹۳

سلامی عجب لطفِ معبود ہے | وہی کعبۂ و جان مقصود ہے
حسنؑ نی کہا جب بلا ہل پیا | کہ تریاقِ مسمومہ ہی بی سود ہے
کہا بیوون نی حاکمِ شام سے | خدا مالکِ ملکِ معبود ہے
لگی پر لگی تیر بی شیر کے | کہا حرملہ نی یہہ مقصود ہے
نہ نازان ہوا ای شمرِ شہنی کہا | کہ ہر چیز دنیا مین مفقود ہے
وہ آتش زدہ خیمۂ شاہ تہا | ابہی تک رخِ چرخ پُردود ہے
کہا شہنی کج راستی پر جو آئین | تو انکی لئی سود و بہبود ہے
اشارا تہا زینبؑ کا حکام سی | کہ اک روز سب بود نابود ہے
شہِ اتقیا نی کہا شمر سے | کہ کون آج دنیا مین محسود ہے
بدآئینو نسی شاہِ دین نی کہا | یہہ قومِ شقی امتِ ہود ہے
قطعہ
دعا شہ نی کی حشر کی طور دیکھہ | جو اسوقت بخشش ترا جود ہے

قطعہ

الٰہی درگذرا حکم الحاکمین
عدالت تری روزِ معہود ہے

فلک کیطرف دیکھکر بولی شاہ
ہمین غم اونہین روزِ مسعود ہے

مناجاتِ شب مین قمر نی کہا
مین حامد ترا ہون تو محمود ہے

کلام الٰہی سپر ہی مری
مرا پیرہن زرہ داؤد ہے

اُڑاتا ہی اختر بہی نقبِ سخن
جو مضمونِ غم ہی وہ بارود ہے

سلام ۹۳

خضر نی نعشِ حیدر پہ تپی اشکونکی بارانی
کری کیونکر نہ پہر بحرِ الم ذاکر کا طغیانی

نہ نصِ ظاہری سمجہی اوٹہایا ہاتہہ الفت سی
مٹائین کافرون جانکر آیاتِ فرقانی

نہ پاسِ خانۂ زہرا نہ رتبہ عقبۂ خوش کا
نہ آلِ احمدی کی کفر سی توقیر کچہہ جانی

عداوت کی عوض عوتکی پہر حیدرِ صفدر
گلیمین باندہ کر وہ مال کہنیچا کی پہنہ ہیہا

علی صام

علی صائم ہوا زخمی نہ دستِ تیغِ شقی سے بھی
پڑھی زلفِ شبِ بیست و یکم کی جب پریشانی نے

نہ سمجھی لعنتِ حق قتلِ حیدر سے عیان ہو گئے
بنی بی عقل بالکل کافرون کی جو نادانی نے

علی پر کی جفا زہرا کا پہلو ظلم سے توڑا
حسن کو زہر اور شبیر سے روکا گیا پانی نے

زبانِ زخمہائی تن سے لفظِ بخششِ امت
نتھی شبیر کو اوس وقت ہرگز فکرِ جسمانی نے

ہر اکسو بعدِ اکبر شاہِ والا لڑتی پھرتی تھے
برس جاتا تھا آبِ تیغ جیسی ابرِ نیسانی نے

مسلمانی و لائی حیدرِ صفدر رہی دنیا مین
سمجھتی ہی نہ تھی بیدین ہرگز امرِ ایمانی نے

بچائیگا نہ یزیدِ روسیہ یا شمرِ بی ایمان
سفینہ امتِ احمد کا جس دم ہو گا طوفانی نے

لکھا ہی مرغِ روحِ مرتضیٰ جنت مین جا پہنچا
زمرد ہو گئی جس وقت یاقوتِ بدخشانی نے

پھرایا سر برہنہ اشترانِ بی کجاوہ پر
یہہ کی آلِ عبا کی حیف کیسی مرتبہ دانی نے

نہ ڈر نارِ جہنم کا نہ خوفِ غصۂ احمد
بہت بی شرم دیکھی کربلا مین ظلم کی بانی نے

سبب بخشش کا مثلِ شمس روشن تر ہی دنیا مین
ہماری اشک ریزی پر ہی آخر نصِ قرآنی نے

سلام ۹۴

مجھو قصۂ ظلم و ستم مجھکو سنانا ہے
مرقع تختۂ کرب و بلا کا بہی کہانا ہی

چہک ای عندلیبِ کلکِ گلزارِ مصیبت مین
خوش الحان بلبلِ ایمان کا زمین آشیانا ہی

صغیر اطفال سے وہین حرم سب بلبلاتی ہین
دلِ پیر و جوان تیرِ حوادث کا نشانا ہی

ندائی غیب آئے شدتِ گرما مین سرور کو
حسینؑ اس پیاس مین تیرِ محبت آزمانا ہی

جو تنہا رہگئی سرور کہا اہلِ حرم سی یون
خدا راضی رہی گو پہر گیا سارا زمانا ہی

کہا سرور نے اہلِ کین سی قصرِ نار پاوگی
بتاو حشر کی دن کس جگہہ سب کا ٹہکانا ہی

لہو پونچھا نہ چہرے کا زبانسی شہنی فرمایا
اسی صورت سی مجھکو فاطمہؑ کی پاس جانا ہی

زرہ زخم بدن سب جمع ہی حضرت نے فرمایا
مجھی سودائی جنسِ بخششِ امت چکانا ہی

سرہانے سیدِ سجادؑ کی چلاتی تہین زینبؑ
ہوئی ہین تین دن ہی نی نہی پانی نہی دانا ہی

کہا مسلم نی کوفیمین بیان حالِ حضرت تمین
عقیل و نکتہ فہم و تین سنج و شاہ دانا ہی

کہا

کہا بانوؑ نی مین نادانونکو کسطرح سمجھاؤن
بلکتی پہرتی ہین خیمی مین پانی ہی کہانا ہے

کہا سرورؑ نے یہہ تکرار ہی آبرو کی ہین
ہمارا قتل ہی منظور بیعت کا بہانا ہے

ہُود ولہہ کا مل لو شہر بانوؑ نی یہہ پایا
تمہین مہندی بہی ہونا تہو نہین گبرا لگانا ہے

بوقتِ قتل قاتل نی کہا شہ سی کہ اب لیٹو
گلیکو ذائقہ شمشیرِ برّان کا چکہانا ہے

بوقتِ جنگ مانع ہو زینبؑ نے کہا اکبرؑ کے
کلمہ کوئی بہی ایسا جان بہیا اماں کا پانا ہے

ذرا ٹہراؤ اونٹونکو کہا عابدؑ سی زینبؑ نے
دُلہن کو لاش پر دولہہ کے چلتی وقت لانا ہے

الٹی جب دستِ عبداللہؑ چلا کر کہا او سنئے
مجھی اپنی چچا کو ہر طرح زخمین بچانا ہے

وطنمین آئی جب اہلحرم زینبؑ نے فرمایا
دُعائی فرقتِ شبّیرؑ صغراؑ کو پڑہانا ہے

کہا اہلِ وطن سی زینبِ غمگین نی رو رو کر
ابہی آئینِ ماتم وارثِ سرور سکہانا ہے

نہوگی سال بہر فرصت کہا اسطرح زینبؑ نے
مصیبت جو کہ گذری ہے وہ ہر اک کو بتانا ہے

جو کوئی پوچہتا تہا کسکا سر ہی کہتی تہی عابدؑ
یہہ وہ سر ہی کہ جس سر کا رسولِ پاکؐ نانا ہے

عبث بیعت کا جھگڑا ہی کہا یہہ شمر سی شہ نی
تجھی مُنہ دیکھ سیری سینی کو ظالم دبانا ہے

کہا عابدؑ نی دیکھو کافرو حضرت کی جانب کو
ملک نی موم جامہ لشکو نکالاشی پہ تانا ہے

ہر اک دروازی پر فرماتی ہین ہر اک محرم مین
مجھی ہر طرح سی اس تعزیہ خانہ مین آنا ہے

نہ فرماؤ کلام یاس زینبؑ نے کہا شہ سی
تمہین اى نور چشم دین مرد لکو کہانا ہے

بوقت مرگ اکبرؑ شہ نی فرمایا نہ گھبرانا
ابھی پہلو مین بیٹا نعشۂ اصغرؑ لٹانا ہے

کہا صغراؑ نی بابا گر سلامت آئے اس گھر مین
مین نذر مرتضیٰؑ خیرات دونگی مینی مانا ہے

عزاخانہ شہ دین کا در قصر بہشتی ہی
فرشتی چومتی ہین روز یہہ وہ آستانا ہے

مکان سب گھٹ گئی خانہ بدوشی ہی ویا تم ہو
نہین اختر کا شاہا دین و دنیا مین ٹھکانا ہی

سلام ۹۵

سکینہؑ کہتی تھین رو کر مری بیسر مری بہائی
علی اکبرؑ علی اکبرؑ مری بیسر مری بہائی

شعار

شعاعِ نیّرِ تابان فروغِ کوکبِ رخشان
سمنبر شکلِ پیغمبرؐ مری بیسر مری بہائے

سرِ پُر نور نیزی پہ دھرا ہی ای مہِ انور
پڑا ہی خاک پر پیکر مری بیسر مری بہائے

ہوا سینی کا کیا عالم نہین باقی ہی تن مین دم
روان سبطِ پیغمبرؐ مری بیسر مری بہائے

گئی دنیا سی یہہ پیاسی کہون کس سی کہ دکھی ہی
خفا ہین ساقیِ کوثر مری بیسر مری بہائے

رخِ شمس و قمر حیران جمالِ مشتری قربان
فدا تم پر مہِ انور مری بیسر مری بہائے

پلا مٹی مین رنگِ تن پڑا ہی دشت کا دامن
دھرا ہی سر بھی نیزی پہ مری بیسر مری بہائے

تمہاری راہ تکتی ہون تڑپتی ہون بلکتی ہون
کھڑی ہون دیر سی در پر مری بیسر مری بہائے

دلِ دنیا و تاجِ دل خدا کی راہ کی سائل
شہِ دین خلق کی افسر مری بیسر مری بہائے

چمک برقِ الم کی ہی تڑپ سینی مین ہی غم کی
تھمی کیونکر یہہ چشمِ تر مری بیسر مری بہائے

دلاسا دیوی پھوپھی جانکو اوٹھاؤ خاک سی مانکو
